# زیڈیم انٹرنیشنل

ZEDEM

FAISALTOWN

## نیوز لیٹر اگست 2021
فیصل ٹاؤن FT




Faisal Town Block-B

## فیصل ٹاؤن (FAISAL TOWN) جہاں خواب بنیں حقیقت

اسلامُ علیکم:-

فیصل ٹاؤن (FT) ہاؤسنگ سکیم واقع مین فتح جنگ روڈ N-80 نزد ترنول انٹرچینج M-1، راولپنڈی کے بلاک A- بلاک B اور بلاک C کے ترقیاتی کاموں کے متعلق پچھلے شمارے مارچ 2021 میں پہلے بھی آپکو آگاہ کیا جاچکا ہے۔ بہرحال جن معزز ممبران تک یہ معلومات نہیں پہنچ سکیں ان کے لیے مختصراً کارکردگی بتانا ضروری ہے۔ جو درج ذیل ہے۔

## فیصل ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کا محلِ وقوع

- ☆ شمال میں NHA مین فتح جنگ روڈ N-80 راولپنڈی، مغرب میں موٹروے M-1، جنوب میں شاہراہ کشمیر۔ اور مشرق میں اسلام آباد کا سیکٹر G-17 اور F-17 ہے۔
- ☆ موٹروے M-1 ترنول انٹرچینج سے صرف 100 میٹر فاصلے پر۔
- ☆ نئے اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ کے قریب تر۔
- ☆ پاک چائنہ اقتصادی راہداری (CPEC) ہکلہ D.I.Khan موٹروے کے قریب تر۔
- ☆ نئے ایئرپورٹ کو جانے والی کشمیر ہائی وے سے قریب تر۔



## فائنل این او سی (FINAL NOC)

فیصل ٹاؤن سکیم کو راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RDA) حتمی منظوری/فائنل این او سی (NOC) جاری کر چکی ہے۔ تمام ممبران کو بہت بہت مبارک ہو۔

## فیصل ٹاور




Head Office Faisal Town

کمپنی کی اپنی ہیڈ آفس بلڈنگ کو تمام سٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی/ دفتری معیار اور معزز ممبران کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام سہولیات سے مزین کیا گیا ہے۔ یہ فیصل ٹاور 9 کنال پر محیط زیڈیم کمپنی کا ہیڈ آفس ہے جو بیسمنٹ سمیت 9 منزلہ (9 Storey) پر مشتمل ہے جس کو ہماری اپنی کمپنی کیم کنسٹرکشن پرائیویٹ لمیٹڈ (CAM Construction Pvt. Ltd) نے نہایت مہارت سے تعمیر کیا ہے جو کہ مین فتح جنگ روڈ (N-80) اور ترنول انٹرچینج (M-1) سے صرف 100 میٹر کے فاصلے پر ہے۔ جہاں پر انتظامیہ اور سٹاف اپنے ممبران کی خدمت میں رات دن مصروف عمل ہیں۔ اس بلڈنگ کے لوئر گراؤنڈ (LG) فلور پر میزان بینک کی برانچ پہلے ہی آپ کی خدمت کے لیے موجود ہے جبکہ سونیری بینک (Soneri Bank) نے بھی اپنی برانچ قائم کر دی ہے جو کہ مصروف عمل ہو چکی ہے۔

## فیصل ٹاؤن بلاک A

یہ بلاک NHA مین فتح جنگ روڈ N-80 کے بالکل سامنے بمع دو (2) انٹری/ ایگزٹ گیٹ پر واقع ہے اور اسی روڈ کیساتھ چھ (6) میں سے 04 بڑے کمرشل پلازوں، ایکسز مال (Axis Mall)، دی گیٹ مال (The GateMall)، لاس ٹورس (Los Torres) اور ڈریم اوکس (Dream Oaks) پر ترقیاتی کام بڑے زور و شور سے جاری ہے۔ علاوہ ازیں بلاک A کے مرکز میں 22 پلازوں میں سے 14 پلازے مکمل طور پر تیار کیے جا چکے ہیں اور آپریشنل ہیں۔ جن میں مختلف سٹورز کی سہولیات جیسے جنرل سٹور، کیش اینڈ کیری، بینک، کنسٹرکشن میٹریل اور ضروریات زندگی کی دوسری سہولیات موجود ہیں۔ 600 سے زائد رہائشی اور کمرشل بلڈنگز بن چکی ہیں اور مزید یہ کہ تقریباً 500 فیمیلیز رہائش پذیر ہیں۔ اس بلاک میں جامعہ مسجد سعید مکمل کر کے نمازیوں کے لیے کھول دی گئی ہے۔ مسجد میں بیک وقت 5000 نمازیوں کی گنجائش موجود ہے۔ بلاک A میں واٹر فلٹریشن پلانٹ اور پبلک ٹوائلٹ مکمل ہو چکے ہیں۔

## فیصل ٹاؤن بلاک B

اس بلاک کے ترقیاتی کام مکمل کیے جا چکے ہیں اور مزید ترقیاتی کام ہسپتال، ماڈل ولاز، مسجد، ریسٹورنٹ کا کام زور و شور سے جاری ہے، زیرزمین بجلی اور گیس کا ترقیاتی کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور گھروں کی تعمیرات کا سلسلہ زور و شور سے جاری ہے اور کئی معزز ممبران فیمیلیز کیساتھ شفٹ بھی ہو رہے ہیں۔ علاوہ ازیں 8 کنال پر مشتمل پارک مکمل طور پر تیار کیا جا چکا ہے۔ اس بلاک میں شادی ہال کے لیے ایک مارکی (Marquee) کا پلاٹ مختص کیا گیا ہے، جس پر جلد کام شروع کیا جا رہا ہے۔ دوسرا اہم بڑا پارک جو 60 کنال پر محیط ہے، وہ مکمل کیا جا چکا ہے اور آپریشنل ہے۔ علاوہ ازیں اس بلاک میں اپارٹمنٹ اور سکولوں کے لیے خصوصی طور پر جگہ رکھی گئی ہے۔ مزید برآں خاتم النبیین ﷺ مسجد کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ مشہور تندوری Restaurant کا کام سیکنڈ فلور تک مکمل کیا جا چکا ہے۔

## فیصل ٹاؤن بلاک C

ہاؤسنگ سکیم کی ضروریات کے مطابق راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RDA) سے اِس بلاک کی منظوری پہلے ہی سے بلاک A اور B کے ساتھ لی گئی ہے اور متعلقہ اداروں سے بجلی اور گیس مہیا کرنے کی منظوری بھی ہو چکی ہے اور ترقیاتی کام زور و شور سے جاری ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

☆ اس بلاک میں واقع سکول کے لیے مختص پلاٹ مکمل تعمیر کے بعد Finishing کے آخری مراحل پر ہے۔ اس سٹیٹ آف دی آرٹ سکول بلڈنگ کا Super Nova School کے ساتھ معاہدہ بھی ہو چکا ہے جس کے Admissions جاری ہیں اور اگلے سیشن سے باقاعدہ کلاسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔

☆ بلاک C میں 16.72 کنال پر محیط 18 منزلہ پر تعیش LUXURY اپارٹمنٹس کی تعمیر کے لیے زمین ڈویلپمنٹس Zameen Developments اور رزیڈیم انٹرنیشنل کا MOU دستخط ہو چکا ہے۔

☆ اس بلاک میں مختص مساجد کے پلاٹس میں سے دو مساجد کی تعمیرات کا کام زور و شور سے جاری ہے۔

☆ میئم (Miusam) کرکٹ گراؤنڈ ہائی ٹاور لائٹنگ/ فلڈ لائٹ کیساتھ دِن/ رات کھیلنے کے لیے نیشنل سٹنڈرڈ کا ہر لحاظ سے مکمل کر لیا گیا ہے۔ اور اسکا کنٹرول اور نگرانی میسرز تنویر ایسوسی ایٹس کو دی گئی ہے تاکہ علاقہ میں کھیل جیسی صحت مند سرگرمیوں کو فروغ مل سکے۔

☆ اپارٹمنٹس کی جلد تعمیر کے لیے ڈیزائننگ کا کام آخری مراحل میں ہے اور گھروں کی تعمیر کا کام بھی شروع ہو گیا ہے۔

☆ بہت سے کمرشل پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع ہو چکا ہے۔

☆ چلڈرن پارک جو کہ 8 کنال رقبہ پر محیط ہے، مکمل کر لیا گیا ہے۔

☆ بلاک کی مختلف جگہوں پر مختص پارکس بنانے کا کام شروع کیا جا چکا ہے۔

☆ گو کہ زیرِ زمین بجلی سپلائی کی منظوری ہو چکی ہے، لیکن ابھی عارضی بنیادوں پر اوور ہیڈ (O/H) بجلی مہیا کی جا چکی ہے، تاکہ جلد سے جلد تعمیرات کے لیے بجلی مہیا کی جا سکے۔

☆ بلاک کی مختلف سڑکوں پر Base میٹریل ڈال کر Asphalt کا کام مکمل کر دیا گیا ہے۔

☆ اِس بلاک کی مزید خوبصورتی کے لیے اِس کے مرکز میں ٹاور لائٹس اور سٹریٹ لائٹس آپریشنل کر دی گئی ہیں۔ زیرِ زمین گیس پائپس بچھانے کا کام بھی جاری ہے۔

☆ خوش آئند بات یہ ہے کہ ہماری کیم کنسٹرکشن کمپنی (CAM Construction Pvt. Ltd.) اِس بلاک میں زور و شور سے کام کر رہی ہے اور تمام ترقیاتی کام جلد مکمل کر لئے جائینگے۔

☆ 11 کنال پر محیط ایک اور پارک بنانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔

## سیکورٹی/CCTV/ بجلی/ ٹیلیفون/ گیس کی سپلائی


Jamia Masjid Saeed Block-A

فیصل ٹاؤن بلاک A میں بجلی، ٹیلی فون اور گیس کی سہولیات ممبران کو مہیا کی جا چکی ہیں۔
بلاک B اور بلاک C میں بجلی اور گیس کی منظوری کے بعد یہ سہولیات گھروں تک پہنچانے کے لیے اقدامات تیز تر کئے جا چکے ہیں۔ ان بلاکس میں بھی یہ سہولیات جلد پہنچا دی جائیں گی۔ جن پر 80 فیصد سے زائد کام ہو چکا ہے۔ یہاں سیکورٹی کا اعلیٰ نظام موجود ہے۔ CCTV کیمروں کیساتھ 24/7 ہمہ وقت نگرانی کی جاتی ہے۔ بلاک A کے علاوہ بلاک B اور C میں مزید خوبصورتی اور نکھار کے لیے لینڈ سکیپنگ (Landscaping) اور لش گرین (Lush Green) کرنیکا کام مزید تیزی سے جاری ہے۔

## منظّم واٹر چینل (Organized Water Channel)

☆ اِس سکیم میں ایک منظّم واٹر چینل بنا لیا گیا ہے، جس میں بلاک کا تمام بارشی پانی جائیگا۔ ساتھ ساتھ جھیلیں بھی بنائی گئی ہیں تاکہ پانی کو ذخیرہ کر کے زیرِ زمین پانی کا لیول بھی کسی حد تک برقرار رکھا جا سکے۔

☆ اس سکیم میں 60 کنال مختص رقبے پر قبرستان تیار کر لیا گیا ہے جو روزمرہ ضروریات میں سے ایک ہے۔

☆ یہ آپ کے لیے باعث مسرت ہے کہ اس سکیم کی اہمیت لوکیشن (موٹروے M-2,M-1) کے سنگم پر اور جی ٹی روڈ (N-5) سے رسائی کے لحاظ سے بہت بڑھ گئی ہے۔ جس سے پلاٹوں کی قیمتوں میں دن بدن تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ آپ اپنا پلاٹ فروخت کرنے سے پہلے اپنی فیملی کے ہمراہ سکیم کا وزٹ ضرور کریں۔ مارکیٹ پرائس کا جائزہ لینے اور مکمل اطمینان کے بعد اپنے پلاٹ کی فروخت کی صورت میں اچھی قیمت حاصل کر سکتے ہیں۔

## اپنے گھر کے خواب کی حقیقی تعبیر:

### بلاک C میں پلاٹس کا قبضہ (Possession)

بلاک C کے پلاٹوں کی بکنگ چونکہ دو سال پہلے شروع کی گئی تھی۔ اس لیے اس بلاک C کے ترقیاتی کام کرنے کے ساتھ ساتھ اسکے رہائشی اور کمرشل پلاٹس کا قبضہ بھی دینا شروع کیا جا چکا ہے۔ لہذا آپ سے التماس ہے کہ اپنے تمام واجبات مورخہ 27/08/2021 (بروز جمعہ) سے پہلے ادا کریں۔ No Demand Certificate(NDC) حاصل کر کے فوری قبضہ لیں خوبصورت نقشہ بنوائیں اور اپنے گھروں اور کمرشل بلڈنگز کی تعمیرات شروع کریں۔

### پلاٹوں کی اقساط اور ادائیگیاں

ترقیاتی کاموں میں آڑے آنے والی رکاوٹوں میں بڑی رکاوٹ معزز ممبران کی بروقت قسطوں کی ادائیگیاں نہ کرنا ہے گو کہ دوسرے اخراجات جیسے بجلی، گیس اور دوسری سروسز مہیا کرنا، ترقیاتی اخراجات جن پر کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں یہ بوجھ ہم ممبران پر نہیں ڈالتے، بس گاہے بگاہے قسطوں کی ادائیگی شیڈول کے مطابق کرنے کی استدعا کرتے رہتے ہیں کیونکہ زمین کی قیمت، بلڈنگ میٹریل اور دیگر اخراجات روز بروز بڑھتے جا رہے ہیں، جو کمپنی کو مجبوراً Escalation Charges کی صورت میں نادہندہ ممبران پر لاگو کرنے پڑتے ہیں، لہٰذا آپ ممبران سے گزارش ہے کہ اپنی ادائیگیاں شیڈول کے مطابق جلد سے جلد ادا کریں۔

فیصل ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کے بلاک A، بلاک B اور بلاک C۔ کے تمام رہائشی اور کمرشل پلاٹس کے ممبران جنھوں نے ابھی تک ادائیگیاں نہیں کیں، اُن سے گذارش ہے کہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام "ZEDEM International (Pvt.)Ltd" این ٹی این نمبر 2464407-2 مورخہ 27/08/2021 (بروز جمعہ) شام 04:00 بجے تک جمع کرائیں جو کہ آخری تاریخ ہے۔ اپنے پلاٹ کا قبضہ حاصل کریں اور گھر کی تعمیر شروع کریں۔ پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ کی بیک پر اپنا نام / رجسٹریشن نمبر ضرور لکھیں۔ ممبران سے یہ بھی گزارش ہے کہ وہ اپنے ایڈریس، ٹیلیفون نمبر / ای میل کی تبدیلی اور دیگر معلومات کے حصول کے لیے پروٹوکول آفیسر (PRO) موبائل نمبر 0321-2107867 اور قیصر محمود، ڈپٹی منیجر (IT) موبائل نمبر 0321-2107868 پر فوری رابطہ کریں تاکہ آپ سے رابطہ کرنے میں آسانی ہو۔ برائے سائٹ وزٹ سجاد حسین (سائٹ انچارج) موبائل نمبر 0333-7319090 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

شکریہ




پروردگار آپ کا حامی و ناصر ہو (آمین)

خان اے سلیم (ڈائریکٹر)


**Zedem International Private Limited**

Faisal Tower, Faisal Town, Main Fateh Jang Road (N-80),
Near Tarnol Interchange (M-1) Rawalpindi, Pakistan.
Ph: 051-2720801-3, Fax: 051-2720800
www.faisaltown.com.pk / info@faisaltown.com.pk